ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

پریذیڈنٹ کپ ون ڈے ٹورنامنٹ میں کے آر ایل اور واپڈا کا میچ ٹائی ہو گی

- واپڈا کے بسم اللہ خان نے 86 اور کے آر ایل کے شرون سراج نے 71 رنز بنائے

راولپنڈی 24 اپریل، 2024ء:

پریذیڈنٹ کپ ون ڈے ٹورنامنٹ کے افتتاحی روز کے آر ایل اور واپڈا کا میچ ٹائی ہو گیا۔

ایبٹ آباد میں اسٹیٹ بینک اور پی ٹی وی کے درمیان میچ گیلی آؤٹ فیلڈ کی وجہ سے ممکن نہ ہو سکا۔
آج کے ڈے نائٹ میچ میں ایس این جی پی ایل اور غنی گلاس کی ٹیمیں مدمقابل ہیں۔

شعیب اختر اسٹیڈیم میں واپڈا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 258 رنز بنائے۔
بسم اللہ خان نے دس چوکے اور ایک چھکے کی مدد سے 86 رنز اسکور کیے۔ کاشف علی نے 42 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔
کے آر ایل نے جواب میں مقررہ پچاس اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 258 رنز بنائے۔
شرون سراج نے آٹھ چوکوں اور دو چھکوں کی مدد سے 71 رنز بنائے۔ وقار احمد نے پانچ چوکوں کی مدد سے 52 رنز کی اننگز کھیلی۔
واپڈا کی طرف سے عاکف جاوید اور علی رضا بالترتیب 51 اور 56 رنز دے کر تین تین وکٹیں حاصل کیں۔

مختصر اسکور:

واپڈا 258 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) بسم اللہ خان 86؛ کاشف علی 42/2 وکٹ۔

کے آر ایل 258 رنز 8 کھلاڑی آؤٹ (50 اوورز) شرون سراج 71، وقار احمد 52؛ عاکف جاوید 51/3 وکٹ، علی رضا 56/3 وکٹ۔

جمعہ کا شیڈول:

واپڈا بمقابلہ غنی گلاس۔ شعیب اختر اسٹیڈیم۔
کے آر ایل بمقابلہ پی ٹی وی۔ ایبٹ آباد اسٹیڈیم۔
اسٹیٹ بینک بمقابلہ ہائر ایجوکیشن کمیشن۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم۔—

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Pathway Cricket Programme
Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4